ہدایات :

۱) ہر جواب سے پہلے متعلقہ سوال ضرور لکھیں۔

۲) ہر جواب نئے صفحے سے شروع کریں۔

سوال نمبر ۱۔ اردو غزل کی خصوصیات پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔ (20)

یا

اردو غزل کی بنیادی اصطلاحات پر تفصیلی گفتگو کیجیے۔

سوال نمبر ۲۔ دور متوسط کی اردو غزل پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

یا

اردو غزل کے ابتدائی دور پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۳۔ فانی بدایونی کی حیات اور شخصیت پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔ (20)

یا

فانی بدایونی کی شاعری کس طرح پروان چڑھی؟ مختلف ادوار پیش کیجیے۔

سوال نمبر ۴۔ اصغر گونڈوی کی حیات اور شخصیت پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

یا

اصغر گونڈوی کے عہد اور ادبی خدمات پر مفصل نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی پانچ اشعار کی تشریح مع شاعر کے نام کیجیے۔ (20)

۱۔ یاں ہوش سے بیزار رہا بھی نہیں جاتا
اُس بزم میں ہُشیار رہا بھی نہیں جاتا

۲۔ جو نقش ہے ہستی کا دھوکا نظر آتا ہے
پردے پر مصور ہی تنہا نظر آتا ہے

XJAYANTOYC77476XJAYANTOYC77476XJAYANTOYC77476XJAYANTOYC77476

۳۔ شعورِ غم نہ ہو فکرِ مآلِ کار نہ ہو
قیامتیں بھی گزر جائیں، ہوشیار نہ ہو

۴۔ میری تدبیروں کی مشکل اب تو یارب سہل کر
کیا یہ ساری عمر منھ تکتی رہیں تقدیر کا

۵۔ آشوب گاہِ حشر مجھے کیوں عجیب ہو
جب آج دیکھتا ہوں تری رہ گزر کو میں

۶۔ آیا ہوں حشر میں دلِ شیدا لیے ہوئے
آشوبِ صد جہانِ تمنا لیے ہوئے

۷۔ کیا دردِ ہجر اور یہ کیا لذتِ وصال
اس سے بھی کچھ بلند ملی ہے نظر مجھے

۸۔ آہوں نے میری خرمنِ ہستی جلا دیا
کیا منہ دکھاؤں گا تری برقِ نظر کو میں

☆☆☆

XJAYANTOYC77476XJAYANTOYC77476XJAYANTOYC77476XJAYANTOYC77476